# دیباچہ نظر ثانی شدہ اشاعت

میں نہیں چاہتا کہ قارئین اور اس تحریر کے درمیان مزید رکاوٹ بنوں جو ان گنت لوگوں کی زندگیاں بدل چکی ہے۔لیکن ایک دو گزارشات نظر ثانی کے حوالے سے عرض کرنی ہیں۔پہلی یہ کہ قارئین کی آراء اور اپنے فہم کی روشنی میں نظر ثانی کے دوران متعدد چھوٹی بڑی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ان میں سب سے اہم ناول کا اختتام ہے۔اس کی وجہ بعض قارئین کی یہ رائے تھی کہ سابقہ اختتام پر ان کے یقین کی کیفیت قدرے کم ہوئی ہے۔جبکہ میرا بنیادی مقصد ہی آخرت پر یقین پیدا کرنا تھا۔ نئے اختتام میں انشاء اللہ یقین کی یہ کیفیت برقرارر ہے گی۔جبکہ دوسرا سبب یہ ہے کہ ناول کا اگلا حصہ (Sequel) لکھنا میرے پیش نظر ہے۔یہ اختتام اس پہلو سے بھی مددگار ثابت ہوگا۔

قارئین بہت سے سوالات پوچھتے رہے ہیں۔اس حوالے سے ایک مفصل تحریر لکھ کر ناول کی سائٹ Inzaar.org پر اپ لوڈ کردی گئی ہے۔اسی طرح نظر ثانی شدہ ایڈیشن کا تفصیلی دیباچہ بھی قارئین وہیں ملاحظہ کرسکتے ہیں۔کتاب میں ان چیزوں کو شامل نہ کرنے کی وجہ ناول کی ضخامت اور نتیجتاً قیمت کو اس ہوشربا مہنگائی کے دور میں بڑھنے سے روکنا ہے۔

آخر میں بعض باتیں کتاب کی اشاعت اور دستیابی کے حوالے سے عرض ہیں۔ یہ کتاب اب بہترین ممکنہ کاغذ پر شائع ہورہی ہے۔اس کا ڈیلکس ایڈیشن آرٹ پیپر پر جبکہ اسٹوڈنٹ ایڈیشن بھی پہلے سے بہتر کاغذ پر شائع کیا جارہا ہے،لیکن قیمت نہیں بڑھائی جارہی۔کتاب کی دستیابی بھی ابھی تک مسئلہ بنی رہی ہے۔مگر اب دنیا بھر کے قارئین گھر بیٹھے اس کتاب کو حاصل کرسکتے ہیں۔جس کے لیے فون نمبر 0332-3051201 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ پروردگار ہماری خطاؤں کو درگزر کرتے ہوئے اس کاوش کو قبول فرمائے،آمین۔

ابویحییٰ

یوم العرفہ، 1432 ہجری

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

"All rights of this book are reserved for the publisher and the author. This copy is for reading purpose only. This copy cannot be uploaded on any website except those of the publisher and the author."